سندھ ایکٹ نمبر XXIV مجریہ 2013

SINDH ACT NO.XXIV OF 2013

سندھ سرکاری ملازمین (دوسری ترمیم) ایکٹ، 2013

THE SINDH CIVIL SERVANTS (SECOND AMENDMENT) ACT, 2013

فہرست (CONTENTS)

تمہید

(Preamble)

دفعات

1. مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

2. 1973 کے سندھ ایکٹ نمبر XIV کی دفعہ 14 کی ترمیم۔

Amendment of Section 14 of Sindh Act No.XIV of 1973

3. 1973 کے سندھ ایکٹ نمبر XIV میں دفعہ 23-B کی شمولیت ۔

Insertion of section 23-B in Sindh Act No.XIV of 1973

سندھ ایکٹ نمبر XXIV مجریہ 2013

SINDH ACT NO.XXIV OF 2013

سندھ سرکاری ملازمین (دوسری ترمیم) ایکٹ، 2013

THE SINDH CIVIL SERVANTS (SECOND AMENDMENT) ACT,2013

[21 مارچ 2013]

ایکٹ جس کے ذریعے سندھ سرکاری ملازمین، ایکٹ، 1973 میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ عوامی مفاد میں ضم کیئے گئے کچھ ملازمین کی ملازمتوں کو مستقل کرنے، یا جیسامعاملہ ہو، دفعہ 9-A کے تحت حکومت کے مختلف کھاتوں میں سرکاری ملازمین کے طور پر ترقی دیئے گئے اور سندھ سرکاری ملازمین ایکٹ، 1973 مین ترمیم کرنا ضروری ہوگیاہے جواس طرح سے ہوگی،

اس کواس طرح سے عمل میں لایاجائے گا۔

مختصر عنوان اور شروعات Short Title and commencement

1.(1) اس ایکٹ کو سندھ سرکاری ملازمین (دوسری ترمیم) ایکٹ، 2013 کہاجائے گا۔

1973 کے سندھ ایکٹ نمبر XIV کی دفعہ 14 کی ترمیم۔

2. سندھ سرکاری ملازمین ایکٹ، 1973 جس کواس کے بعد بھی مذکوہ ایکٹ کہا جائے گا، اس کی دفعہ 14 میں، ذیلی دفعہ (2) کے بعد مندرجہ ذیل ذیلی دفعہ شامل کی جائے گی

Amendment of Section 14 of Sindh Act No.XIV of 1973

"(3) جب تک کچھ اس ایکٹ یا وقتی طور لاگو کسی قانون یا کسی عدالت کے کسی فیصلے کے برعکس نہ ہو، حکومت کو کسی رٹائرڈ سرکاری ملازم، جس کی خدمات، اس کی ماہرانہ نظر سے عوامی مفاد کے لیئے حکومت کو بیاں کردہ مدت کے لیئے مطلوب ہے اس کو مقرر کرنے کا اختیار ہوگا اور مقرر کرنے کا ہمیشہ کا اختیار سمجھا جائے گا۔

1973 کے سندھ ایکٹ نمبر XIV میں دفعہ 23-B کی شمولیت ۔

Insertion of section 23-B in Sindh Act No.XIV of 1973

3. مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ 23-A کے بعد مندرجہ ذیل نئی دفعہ شامل کی جائےً گی،

"23-B.(1) جب تک کچھ اس ایکٹ یا اس کے تحت بنائے گئے قواعد یا کسی ڈگری یا عدالت کے حکم یا فیصلے کے متضاد نہ ہو، ضم شدہ ملازمین یا جیسا معاملہ ہو، صوبے سے متعلقہ معاملات کسی عہدے پر دفعہ 9-A کے تحت سرکاری ملازم کے طور پر ترقی دیئے گئے اور سندھ سرکاری ملازمین (دوسری ترمیم) ایکٹ، 2013 کی شروعات والی تاریخ سے پہلے سے ایسا عہدہ رکھنے والے، موثر نمونے ضم کیئے گئے، یا جیسا معاملہ ہو، اسکے ضم ہونے والی تاریخ سے فوری طور پر مستقل بنیادوں پر ترقی دیئے گئے یا جیسا معاملہ ہو، ترقی سمجھی جائے گی۔

(2) کسی ضم کرنے سے متاثر کوئی شخص، یا جیسا معاملہ ہو، ذیلی دفعہ (1) تحت مستقل کی گئی ترقی ، سے متاثر کوئی شخص، سندھ سرکاری ملازم (دوسری ترمیم) ایکٹ، 2013 کی شروعات سے تیس دن کے اندر سندھ سروس ٹربیونل میں اپیل داخل کر سکتا ہے۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔